پاکستان نے دس سال بعد ملک میں کھیلی جانے والی ہوم ٹیسٹ سیریز جیت لی

لاہور،23 دسمبر2019ء:

دس سال بعدپاکستان میں کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز میزبان ٹیم نے جیت لی۔ پاکستان نے سری لنکا کو کراچی ٹیسٹ میں 263 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے کر سیریز 0-1 سے اپنے نام کرلی۔ سیریز کا پہلا میچ بارش کے باعث بے نتیجہ رہا تھا۔

آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں یہ پاکستان کی پہلی کامیابی ہے۔ ایونٹ میں واحد کامیابی کے ساتھ پاکستان پوائنٹس ٹیبل پر تیسری پوزیشن پر آگیا ہے۔

میچ کی دوسری اننگز میں نسیم شاہ نے پانچ کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اس سے قبل عابد علی، شان مسعود، کپتان اظہر علی اور بابراعظم کی سنچریوں سمیت شاہین شاہ آفریدی کی پہلی اننگز میں پانچ وکٹوں نے بھی ٹیم کی جیت میں کلیدی کردار ادا کیا۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ کے آخری روز پاکستان کو فتح کے لیے3 وکٹیں جبکہ سری لنکا کو مزید 264 رنز درکار تھے تاہم نسیم شاہ اور یاسر شاہ نے ابتدائی تین اوورز میں ہی سری لنکا کی پوری ٹیم کو پویلین واپس پہنچا دیا۔

سری لنکا کا کوئی بھی کھلاڑی میچ کے آخری روز اسکورمیں اضافہ نہ کرسکا۔ اوپنر اوشاڈا فرنینڈو 102 رنز بناکر نمایاں بیٹسمین رہے۔ سری لنکا کی پوری ٹیم 212 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ نسیم شاہ نے 31 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل پاکستان نےاپنی دوسری اننگز 3وکٹوں کے نقصان پر 555رنز پر ڈکلیئر کردی تھی۔ پہلی اننگز میں پاکستان کے 191 رنز کے جواب میں سری لنکا

کی پوری ٹیم 271 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

پاکستان کے اوپنر عابد علی کو مین آف دی میچ اور مین آف دی سیریز کا ایوارڈ دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk